خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ برموقع معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ جرمنی 2017ء

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشہد، تعوّذ اور تسمیہ کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جرمنی جماعت کو ایک اور جلسہ منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ جس طرح جلسہ میں شامل ہونے والوں کی تعداد بڑھ رہی ہے، اُسی طرح کارکنوں کی تعداد بھی بڑھ رہی ہے۔ بلکہ بعض نئے شعبہ جات بھی بنائے گئے ہیں جو شاید پہلے نہیں ہوتے تھے۔ اور ان کے لئے بھی اب کارکن مہیا ہوجاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا جماعت پر خاص فضل و احسان ہے کہ بے لوث خدمت کرنے والے کارکن اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی خدمت کے لئے مہیا فرمادیتا ہے۔

ایک وقت تھا جب یہ ضرورت تھی کہ کس طرح کارکنوں کو اپنے اپنے شعبوں کے لئے تربیت دی جائے اور انہیں کس طرح ٹرینڈ کیا جائے۔ لیکن اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے کارکنوں کا جہاں تک سوال ہے تو ہر شعبہ کے کارکن، ناظم اور نائبین اور معاونین اور کارکنان تو خاص طور پر اپنے اپنے شعبہ میں ماہر ہیں۔ اور کیونکہ نیت نیک ہے، اخلاص سے خدمت کرنے کا جذبہ ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے اور بڑے اعلیٰ رنگ میں انہیں خدمت کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

اتنے بڑے نظام میں اگر کوئی دنیاوی نظام ہو تو اس کے لئے کام کرنے کے لئے ان لوگوں کو جمع کیا جاتا ہے جنہوں نے پیشہ وارانہ صلاحیت حاصل کی ہو اور جو اس کام کے ماہرین ہوں۔ لیکن یہاں ایسے کارکنان جو سارا سال مختلف کام کرتے ہیں کوئی ڈاکٹر ہے کوئی انجینئر ہے کوئی طالبعلم ہے کوئی اور مختلف قسم کے کام کر رہا ہے کوئی ٹیکسی چلا رہا ہے۔ تو یہ سب بعض شعبوں میں ماہرین کی طرح کام کر رہے ہوتے ہیں۔ پس یہ وہ جذبہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں صرف حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت کے افراد کو عطا فرمایا ہے۔

پس اس لحاظ سے تو اپنے لئے کوئی فکر نہیں ہے کہ کارکن کام نہیں کرنے والے۔ ہاں فکر ہے تو اس لئے بعض دفعہ پیدا ہوتی ہے کہ معاونین اور کارکنان تو خدمت کے جذبہ سے کام کرتے ہیں اور بے لوث ہو کر کام کرتے ہیں لیکن افسران میں بھی بے لوث خدمت کا جذبہ ہونا چاہئے اور اس کے لئے تعاون ہونا چاہئے۔

ابھی جو تلاوت کی گئی تو اللہ تعالیٰ نے اس میں بھی بالکل یہی فرمایا ہے کہ مومنین کو اللہ تعالیٰ اکٹھا کرنا چاہتا ہے تاکہ وہ ایک ہو کر کام کریں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کافروں کی یہ نشانی بتائی ہے کہ وَقُلُوبُهُمْ شَتّٰى [59:15] کہ ان کے دل پھٹے ہوئے ہیں۔ لیکن ایک مومن کی نشانی تو یہ نہیں ہے۔ مومن کے دل تو آپس میں محبت اور پیار سے جڑے ہوتے ہیں۔ پس افسران بھی اگر آپس میں تعاون سے اور محبت اور پیار سے اور ایک دوسرے کو سمجھتے ہوئے کام کریں گے تو ان کے کاموں میں مزید برکت پڑے گی۔ جو برکت پڑتی ہے وہ ان کی صلاحیتوں کی وجہ سے نہیں پڑتی۔ اس خیال کو افسران کو دماغوں سے نکال دینا چاہئے۔ اگر برکت پڑتی ہے تو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ ذمہ لیا ہوا ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی خدمت کے لئے کارکنان پیدا کرتے ہیں۔ اور وہ کارکنوں کے دل میں ڈال دیتا ہے کہ چاہے افسر اچھا ہو یا بُرا، یا افسر محنتی ہو یا نہ محنت کرنے والا ہو، ایک مشین کے پرزوں کی طرح جن کو ایک دفعہ کسی کام پر لگا دیا جائے تو اس پرزے کا کام ہے کہ اسی طرح چلتے جانا، پس اِسی طرح ہر شعبہ میں کارکن کام کر رہے ہوتے ہیں۔

پس آج میں کارکنوں کو کچھ نہیں کہنا چاہتا کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ ان میں ایک جذبہ ہے اور وہ کام کریں گے جو کام انہیں دیا جائے گا۔ انشاء اللہ۔ ہمیں جو ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ افسران بھی آپس میں باہمی تعاون سے کام کریں اور یہ باہمی تعاون جو ہے وہ کام میں برکت بھی ڈالے گا اور ان کو بھی ثواب کا مستحق بنائے گا۔ اور اگر آپس میں تعاون نہیں ہوگا تو بعض دفعہ دشمن بھی اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس لئے ہر شعبہ کا جو افسر ہے اوپر سے لے کر نیچے تک اس کو یہ سوچنا چاہئے کہ اس نے ہر شعبہ میں آپس میں مل کر تعاون کے ساتھ کام کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ دعا کرلیں۔

خطاب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔

بعد ازاں پروگرام کے مطابق نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز مغرب و عشا جمع کرکے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد اپنی رہائشگاہ کی طرف جاتے ہوئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نمائش کا معائنہ فرمایا۔

"اسلام اور قرآن Exhibition" کے نام سے نمائش لگائی گئی ہے اس میں تبلیغی نمائش کے علاوہ ریویو آف ریلیجنز (جرمن) کے سٹال کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

اس نمائش کے ساتھ ہی ایک علیحدہ حصہ میں MTA انٹرنیشنل (لندن) نے بھی اپنی نمائش کا اہتمام کیا ہوا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت اس نمائش کا بھی معائنہ فرمایا۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا قیام جلسہ گاہ کے اندر ہی ایک رہائشی حصہ میں ہے۔